ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (401)

مورخہ 22.07.2023

**بہاولپور (           ) ڈی پی او سید محمد عباس کی منشیات کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابی۔ تھانہ صدر بہاولپور پولیس نے کریک ڈاؤن کرتے ہوئے بدنام زمانہ منشیات فروش جابر عرف شیرا کو گرفتار کر لیا، لاکھوں روپے مالیتی ہیروئین برآمد، بہاولپور سے منشیات فروشوں کا ہر صورت قلع قمع کیا جائے گا، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ صدر بہاولپور پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ایس ایچ او محمد محسن سردار کی سربراہی میں سپیشل انفارمیشن پر تعلیمی اداروں سمیت بہاولپور کے مختلف علاقوں میں منشیات سپلائی کرنے والا بدنام زمانہ منشیات فروش جابر عرف شیرا کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 05 کلو 400 گرام ہیروئن برآمد کر لی۔ گرفتار ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ منشیات فروشوں کے خلاف مزید کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نشہ ایک زہر ہے نوجوان نسل کی تباہی کو ہر صورت اس لعنت سے بچانا پولیس کا اولین فرض ہے۔ منشیات فروشی کے سبب نوجوان نسل کو تباہی کے دہانے پر پہنچایا جا رہا ہے جس کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ ڈی پی او نے بہترین کارکردگی پر تھانہ صدر پولیس ٹیم کو شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری، رواں ماہ میں تھانہ بغداد الجدید پولیس کی کامیاب کارروائیاں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات، شراب و اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (402)

مورخہ 22.07.2023

**بہاولپور(            )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، گزشتہ روز مختلف کارروائیوں میں 11 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں ناجائز اسلحہ، منشیات وشراب برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ صدر بہاولپور، تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ اور تھانہ صدر یزمان پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے 07 ملزمان زبیر، راشد نواز، طارق، سلمان عرف سانول، ارشد، رفیق احمد اور شہباز کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 06 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد کاربین 12 بور برآمد کر لی۔اسی طرح تھانہ سول لائینز، تھانہ بغدادالجدید پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈان کرتے ہوئے 03 ملزمان احسن ارشد اور نومی مسیح کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 02 کلو 620 گرام چرس اور عمران شفیع سے 1500 گرام ہیروئن برآمد کر لی، جبکہ تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے 01 ملزم شاہد اقبال کو حراست میں لے کر اس کے قبضہ سے 50 لیٹر دیسی شراب برآمد کر لی۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، شراب اور منشیات ایک لعنت ہے، معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، گزشتہ روز مختلف کارروائیوں میں بھاری مقدار میں ناجائز اسلحہ، منشیات وشراب برآمد، ملزمان گرفتار